Securities and Exchange Commission of Pakistan

Press Release

December 5, 2018
For immediate release

ایس ای سی پی کا مضاربہ کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد

اسلام آباد (5 دسمبر) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے مضاربہ کے کاروبار کے ماڈل، مضاربہ مینجمنٹ کمپنیوں اور ان کے ریگولیٹری فریم ورک کے بارے میں آگہی فراہم کرنے کے لئے، اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اشتراک سے سیمینار منعقد کیا۔
سیمینار میں مضاربہ کے شعبے میں ہونے والی ترقی، ریگولیٹری فریم ورک اور ریگولیٹری آسانیوں کے بارے میں تفصیلات فراہم کی گئیں تاکہ سرمایہ کاروں کو اس شریعہ کمپلائنٹ شعبے میں سرمایہ کاری کے لئے راغب کیا جاسکے۔ سیمینار میں اسلام آباد چیمبر کے اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی جبکہ مضاربہ ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین اور نان بینکنگ فنانشل سیکٹر کے نمائندے بھی شریک ہوئے۔
ایس ای سی پی کے افسران نے مضاربہ کے اسلامی تصور، اس شعبے کے موجود شریعہ کمپلائنٹ ریگولیٹری فریم ورک، ریگولیشنز اور مضاربہ کے اجرا، منافع کی تقسیم کے طریقہ کار بارے بتایا۔ ملک میں ہونے والی مجوعی ترقی اور خاص طور پر پاک چین راہداری کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے مواقع میں اضافہ ہوگا اور مضاربہ کے شعبے میں سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا۔ مضاربہ کے ذریعے سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز کی مالی ضروریات کو بھی پورا کیا جاسکتا ہے۔
مضاربہ ایسوسی ایشن کے چیئرمین نے اس شعبے میں ہونے والی مالیاتی کارکردگی، منافع کی تفصیلات، شعبے کے مجموعی حجم اند اسلامی مالیاتی نظام کے فروغ میں مضاربہ کے کردار پر بات کی۔

اسلام آباد چیمبر کے سیکٹری جنرل نے سرمایہ کاری کے فروغ اور سرمایہ کاروں کے مفادات کے تحفظ کے لئے ایس ای سی پی کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے اسلام آباد کی کاروباری برادری کو مضاربہ کے شعبے کے کاروباری ماڈل کو سمجھنے اور اس میں سرمایہ کاری کرنے کی حوصلہ افزائی کی۔

NIC Building, 63 Jinnah Avenue,
Islamabad, Pakistan
PABX: +92-51-9207091-4 Fax: +92-51-9218592, 9204915, Email: webmaster@secp.gov.pk, Website: www.secp.gov.pk